بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیا شیخ نے یہ ناول (فتح) صرف اور صرف نیو ایرا میگزین (New Era Magazine) کیلئے لکھا ہے۔اس ناول (فتح) کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام صرف اور صرف نیو ایرا میگزین (New Era Magazine) کے نام محفوظ کیے جاتے ہیں۔ لہذا کسی بھی ادارے، ڈائجسٹ، سوشل میڈیا، ویب سائٹ یا کوئی بھی فرد بمعہ مصنف کو اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی صورت میں شائع کرنے کی سخت ممانعت ہے۔ عمل درآمد نہ کرنے کی صورت میں قانونی کاروائی کی جائے گی۔

شکریہ

ادارہ: نیو ایرا میگزین

****

تعارف:

موحد،احداور راحمین انکی بہن ہے۔صبااور عاصم صاحب کی کلِ متاع ھیں۔ موحد یونیورسٹی میں بی۔ایس عربی کا طالب علم ھے اوراپنی اچھے نمبروں کی بنیاد پر فری پڑھتا ھے۔احد نھم کلاس کا طالب علم ھے اور شرارتی طبیعت کا مالک ھے۔راحمین ایف۔اے کی طالب علم ھے لیکن غیر معمولی ذھانت کی مالک نہیں ہے۔اور متوسط نمبرز حاصل کرتی ہے۔موحد کی لاڈلی ہوتی ہے۔صبانیک اور صبر و شکر کی پیکر خاتون ہیں۔عاصم صاحب آرمی میں میجر آفیسر تھے۔اورانھوں نے وطن کے لیے اپنی جان نثار کردی۔موحد بہت ہی ذہین لڑکا ہے۔وہ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔....یونیورسٹی میں اسکاہم جماعت علی جوامیر باپ کا عیاّش بیٹا ہے۔اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہے۔حسنیٰ انھی کی کلاس کی ہونہار اور باپردہ لڑکی ہے۔وہ دینی گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ان کے گھر کاماحول بہت سخت ہے جس سے وہ سخت نفرت کرتی ہے۔

New Era Magazine

گھپ اندھیرا ہر سو پھیلا ہوا تھا اور فجر کی اذان کی آوازوں نے ماحول کو معطر کیا۔۔۔اس اذان کی آواز موحد کے کان سے ٹکرائی ی تھی اور اسکے وجود میں جُنبش ہوئی ی۔۔۔چند لمحات بستر میں آنکھیں موندے لیٹے رہنے کے بعد وہ بیڈ سے اٹھا اور جوتوں کو پاؤ ں میں پہنتے ہوئے وہ سیل کو دائی یں سائی یڈ ٹیبل سے اٹھا کے اسکو چیک کر رہا تھا۔۔۔۔۔ غسل کے ارادے سے واش روم میں جا چکا تھا اور کچھ منٹوں کے بعد وہ لباس تبدیل کیے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔ کہنیوں سے بازو نیچے کرتے ہوئے وہ انکے بٹنوں کو بند کر رہا تھا۔۔اور وضو کے قطرات اسکے چہرے سے لڑکھڑا کے اسکے کرُتے میں جذب ہو رہے تھے اور وہ لبوں کو جنبش دیے وضو کے بعد کی دعائی یں پڑھ رہا تھا۔۔۔۔وہ بیڈ کے دراز میں سے گھڑی نکال کر پہن رہا تھا جب اسکی نظر بیڈ کے دوسری طرف دنیا و مادی فیہا سے بے خبر نیند کی وادیوں میں غرق احد پر پڑی۔ اسکو مسجد لے جانے کے ارادے سے وہ اسکی طرف دھیمے قدموں بڑھا تھا۔۔۔۔۔ احد نے موحد کے قدموں کی چاپ سُنتے ہی چادر کو مُنھ تک مضبوطی سے اوڑھ لیا تھا۔۔۔"احد میں دیکھ چُکا ہوں۔۔اُٹھو نماز کا وقت ہو رہا ہے"

''احد کو جیسے ہی اپنی غلطی پکڑے جانے کا احساس ہوا وہ فوراً مُنھ میں بولا'' واللہ عقاب جیسی آنکھیں ہیں۔۔ مجال ہے کبھی میرا غلط کام انھیں مطلب چلتے پھرتے کیمرے کو نظر نہ آئے'' وہ اپنے آپ پر کُڑھتا ہوا لحاف خود سے ہٹائے اٹھا اور جوتی پہن کر واشروم میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔پھر بمشکل غسل لینے کے بعد اور اپنی زوروں سے آنی والی نیند کو جبراً سُلا کر کچھ لمحات بعد وہ دونوں مسجد کیطرف چل پڑے تھے۔۔۔۔۔۔

نماز کی امامت کروانے کے بعد موحد حسب معمول ملاقاتوں میں مصروف تھا۔۔۔اور اسکی مصروفیت کو غنیمت جانتے ہوئے احد حسب معمول نماز کے فوراً بعد عقاب کی رفتار کیساتھ بھاگتا ہوا گھر پہنچا اور آتے ہی اُسکی نظر راحمین پر پڑی جو اپنی کمرے کیطرف جا رہی تھی۔۔۔۔''توبہ۔توبہ گھر میں کیسے کافروں کو رکھا ہوا ہے۔۔ نماز تک نہیں پڑھتے۔۔! اللہ ہدایت دے ایسے ظالموں کو۔'' احد نے دیکھتے ہی جذباتی تقریر جھاری۔

'' ماشاءاللہ ! آپ تو چلتے پھرتے فرشتے ہیں نہ۔۔'' راحمین نے بھی موقع کو غنیمت جانا اور فوراً وار کیا۔وہ بھی کسی سے کم تو نہ تھی۔احد جواب تو دینا چاہتا تھا لیکن سامنے اُنکی امی جان تشریف لا رہی تھیں تو فی الحال اُسکی عافیت خاموشی میں ہی تھی۔۔

آپی ! نماز کا وقت نکل رہا ہے آپ نماز پڑھ لیں باقی باتیں بعد میں ہوتی رہیں گیں -

احد نے ادب اً کہا۔ ابھی وہ اس احتراماً گفتگو کا مقصد سمجھ نہیں سکی تھی کہ پیچھے سے امی نے کہا کہ بیٹا احد صحیح کہہ رہا ہے جلدی نماز ادا کر لو ! احد پیاری سی مُسکراہٹ اُسکی طرف اُچھال کے اپنے کمرے کیطرف بڑھ گیا۔ راحمین کی غُصیلی نگاہیں اُسکا تعاقب کر رہی تھیں۔ احد کمرے میں داخل ہونے سے پہلے مڑا اور اُنگلیوں س کو وکٹری (✌) کی علامت کیطرح بنایا۔ اسکی حرکت کو دیکھ کر راحمین تلملا اُٹھی اور جل بھُن کر نماز ادا کرنے کے ارادے سے چل پڑی

❤❤❤❤

موحد حسبِ معمول شلوار کُرتا پہنے کانوں میں ہینڈ فری لگائے آہستہ آہستہ چل رہا تھا اور قاری مشاری (سعودی عرب کے مشہور تلاش وت کرنے والے قاری) کی خوُبصورت آواز اُسکے کانوں میں گوُنج رہی تھی۔ اور اُسکی روح میں مٹھاس گھول رہی تھی۔

”اے لوگو! تم اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا اور اُن لوگوں کو جو تُم سے پہلے تھے تاکہ تُم پرہیزگار بن جاؤ“

(سُورۃ البقرہ:22)

اُس نے فون کی سکرین پر اُنگلی چلائی ی اور اب تلاوت اُسی آیت پر رُک چُکی تھی۔اب وہ اپنے رب سے مخاطِب ہوا”اللہ جی! آپ نے اس آیت کے شروع میں اے لوگو کہہ کر مخاطب کیا ہے مطلب کہ آپ سب کو کہہ رہے ہیں۔آپ نے یہ نہیں کہا کہ اے میرے عبادت گزار بندو! یا اے میرے خاص بندو! بلکہ آپ نے سب کو ہی متوجّہ کیا کیونکہ یہ قرآن توسب کے لی ئے ہے۔یہ واضح ہداہت مشترکہ ہے جو بھی اسکے احکامات پر عمل کرے گا وہی صرف کامیابی حاصل کرے گا ورنہ سب کا سفر سیراب کی مانند ہے جسکی کوئی منزل نہیں ہوتی۔ہمارا اور آپکا معیار کتنا مُختلف ہے نہ ہم تو اُنکو عزیز رکھتے ہیں جو معمولات زیست (زندگی) میں ہمارے لیے مددگار ثابت ہوتے ہیں یا جن سے ہمیں پیار ہوتا ہے لیکن آپ تو سب سے محبّت کرتے ہیں کیونکہ پُوری مخلوق آپکا کُنبہ ہے۔اب وہ گراؤنڈ کا چکر لگا چُکا تھا اور اب سورج کی کرنیں آہستہ آہستہ اُفق سے پھوٹ رہی تھیں۔یہ روشنی آہستہ آہستہ اسکے نقوش کو واضح کررہی تھی۔ ”تم اپنے رب کی عبادت کرو“ آپکی عبادت کرنے والے کم

نہیں ہیں لیکن پھر بھی آپ ہمیں کہہ رہے ہیں کیونکہ اس میں ہمارا فائدہ ہے اور ہم آپکو اسطرح چھوڑے بیٹھے ہیں جیسے ہمارے بہت خدا ہوں لیکن آپ ہمیں ایسے دعوت دے رہے ہیں جیسے بس ہم ہی صرف آپکے بندے ہوں۔ اللہ جی آپ نے صرف ہمیں پیدا ہی نہیں کیا بلکہ ہمارے لیے زمین کو فرش بنایا اور اسی سے ہماری ضروریات کی تمام چیزیں ہمیں حاصل ہوتی ہیں۔ آسمان کو ہمارے لیے چھت بنایا ۔اللہ جی یہ آپکا ہمارے لیے پیار ہی تو ہے جو آپ نہ صرف ہمیں رزق دیتے ہیں بلکہ ہم سے پیار بھی کرتے ہیں۔اب مکمل اُجالا ہو چکا تھا اور اس نے اپنی گھڑی پر وقت دیکھا اور گھڑی سات بج جانے کا پیام دے رہی تھی۔اب وہ گھر کیطرف روانہ ہوا تھا کیونکہ اسکو ضروری امور سرانجام دینے تھے۔۔۔۔

اے۔پی کے موبائل کی گھنٹی بجی وہ ڈرائیونگ کر رہا تھا اور اس نے گاڑی کو سڑک کے سائیڈ پہ روکا اور کال کو موصول کیا ہے اور فون کو کان کیساتھ لگایا

''والسلام باس''اُس نے مُسکرا کر کہااور ملنے والی ہدایات کو غور سے سُنااور کچھ لمحے بعد کہا.جی باس! میں انفارمیشن اکٹھی کر رہا ہوں۔اُمید ہے کہ جلد ہی میں اُس گینگ تک پُہنچ جاؤں گا۔

اوکے باس! کال کے منقطع ہوتے ہی اُسنے فون کو سائیڈ سیٹ پر رکھا۔اور دوبارہ گاڑی چلانا شروع کر دی۔ تھوری دیر کے بعد اس نے گاڑی ہوٹل کے گیراج کے اندھیرے والے حصے میں روکی اور سیٹ بیلٹ کو کھولنے کے بعد گاڑی سے نکلااور ہوٹل میں داخل ہو گیا۔وہ راہداری میں سے گزرتا ہوا سیدھا اپنے کمرے میں گیااور اپنی جیکٹ اتار کے بیڈ پر رکھی۔سائیڈ ٹیبل پہ پڑے جگ میں سے گلاس میں پانی انڈھیلااور لبوں سے لگالیا۔ اسنے اپنی وارڈروب سے کپڑے نکالے اور شاور کے ارادے سے واشروم میں چلا گیا۔دس منٹ بعد وہ کھلے ٹراؤزر اور سفید ٹی شرٹ میں ملبوس واشروم سے نکلا۔اسکے بال ہلکے نم تھے۔اس نے تولیے سے بالوں کو رگڑااور پھر بالوں کو سٹائل دیااور پرفیوم کو اپنے اوپر چھڑ کا نہیں بلکہ یہ کہنا درست ہو گا کہ اپنے اوپر انڈھیلا۔کیونکہ وہ خُشبو کا دیوانہ تھا۔اور یہ بات اسکے قریبی سرکلمیں سبھی لوگ جانتے تھے کو وہ خوشبو کا دیوانہ ہے اس لیے وہ جب بھی اسے تحفہ دیتے تو پرفیوم انکی پہلی ترجیح ہوتی۔اسی وجہ سے اسکے پاس پرفیومز کی بہت بڑی کولیکشن تھی۔۔۔

بابر نے بلیک جینز کیساتھ سفید آدھے آستینوں والی ٹی شرٹ پہن رکھی تھی اور شرٹ کے اوپر کالے رنگ کی ہوڈ پہنی ہوئی تھی اور اسکی کیپ کو سر پہ لیا ہوا تھا جسکی وجہ سے اسکا آدھا چہرہ چھپا ہوا تھا۔ وہ جیسے ہی یونیورسٹی میں داخل ہوا تو ارد گرد موجود تمام لڑکیاں نے ستائش بھری نظروں سے اسکو دیکھا لیکن وہ اس سب سے قطع نظر لاپرواہ سا چل رہا تھا اور یہ لاپرواہی اسکی شخصیت کی خاصیت تھی۔ اسکے نزدیک وہ لوگ اہمیت نہیں رکھتے تھے جو ظاہری حالتوں سے متاثر ہوتے تھے۔۔ اسکے نزدیک اصل اہمیت ان لوگوں کی تھی جو مضبوط ہوتے ہیں اور زندگی کے ہر جنگ میں اپنے ہوش وہواس کو قابو میں رکھتے ہیں اور مستقل مزاج رہتے

.......وہ ہال وے سے چلتا ہوا کلاس میں گیا اور اپنی نشست سنبھال لی۔ اور آہستہ آہستہ کلاس میں طالب علم آنا شروع ہو گئے تھے اور پانچ منٹوں کے بعد پروفیسر صاحب داخل ہوئے۔ انھوں نے سلام دعا اور رول کال کے بعد پڑھانا شروع کردیا۔ وہ کلاس میں پچھلی کھڑکی کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کلاس کا آغاز ہو چکا تھا اور ابھی کچھ ہی لمحے قصّہ پارینہ بنے تھے کہ دروازہ کھلا اور نقاب پوش لڑکوں کا ایک گروہ اندر

داخل ہوا۔ان سب کا حلیہ غُنڈوں جیسا تھا۔اس فوراًافتاد کے لیے کوئی ی بھی تیار نہ تھا توسب سہم کر ایک دوسرے کیطرف دیکھ رہے تھےاور کوئی ی بھی اس سب کو سمجھ نہیں پایا۔سب کی چیخیں انکو کلاس میں دیکھ کر ہوا میں معلق ہوئی یں۔سب غنڈوں کے ہاتھوں میں گنز تھیں اوران سب نے اپنے چہروں کواچھے سے چُھپا یا ہوا تھا اس لیے کوئی ی ذی روح انھیں پہچان نہیں سکا۔۔۔بابر چونکہ کلاس کے پچھلے حصّے میں بیٹھا ہوا تھا۔ایک غُنڈے نے آگے بڑھ کر حُسنی کی کلائی ی کو مضبوطی سے تھام لیا کیونکہ وہ اسکے بلکل سامنے کھڑی تھی اور اسکے ماتھے پر گن تان لی۔غُنڈے کے اس عمل کو دیکھ کر کلاس میں موجود لڑکیوں کی دبی دبی چیخوں کا ارتعاش پیدا ہوا۔حُسنی کی آنکھوں سے آنسو کی لہریں مسلسل بہہ رہی تھیں اور اسکو اپنا سر گھومتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔بابر یہ دیکھ کر فوراً آگے بڑھا اور ایک ہی لمحے کے بعد گیم کا پانسہ بدلا اور اب بابر غُنڈے پر گن تھام کھڑا تھا اور اُس نے حُسنی کا بازو اُسکی گرفت سے آزاد کروایا اور وہ لڑکیوں کے پاس لڑکھڑا کرِ گر گ ئی ی۔لیکن اسی لمحے غُنڈوں کے لیڈر نے اشارہ کیا اور اس اشارے کی دیر ہی تھی کے تمام غُنڈے اس پر اُبل پڑے۔ابھی کچھ لمحے ہی گزرے تھے کے باہر سے پولیس کے سائی رن کی آواز آئی ی اور وہ سب ایک ہی جست میں وہاں سے غائی ب ہو گ ئی ے اور کلاس کے تمام طالب علم اسکا حال پو

چھنے اسکے قریب آئے۔وہ اوندھے مُنھ پڑا تھا۔اُدھر حُسنی بے ہوش ہو چکی تھی اور لڑکیاں اسکے گرد گروہ بنا کر کھڑی تھیں اور اسے ہوش میں لانے کی کوشش کر رہی تھی ....پروفیسر صاحب اب باقی پروفیسر ان اور ڈاکٹر کیساتھ داخل ہوئے کیونکہ وہ غنڈوں کے جانے کے فوراً بعد جیسے ہی پولیس کلاس روم میں آئی ی وہ انسپکٹر ارحم کیساتھ حادثے کے متعلق انکوائی ری کیل ےئ کلاس سے باہر تشریف لے گ ےئ۔اور باقی پولیس کی ٹیم کلاس روم کا معائی نہ کرنے لگی۔ڈاکٹر بابر کی مرحم پٹی کر رہا تھا۔بابر جیسے ہی بینڈج کے بعد فارغ ہوا وہ تمام قانونی کاروائی ی کے بعد یونی ورسٹی سے نکل گیا۔حُسنی کو اب ہوش آ چکا تھا۔بس کلائی ی پر غنڈے کے ہاتھ کا نشان تھا جہاں اُسے درد کا احساس ہو رہا تھا۔ڈاکٹر نے صدمے اور درد کی شدّت کو کم کرنے کے ل ےئ انجیکشن لگا دیا۔تمام قانونی کاروائی ی کے بعد حُسنی کو بھی پولیس موبائی ل میں گھر بھیجا گیا تھا۔

❤❤❤❤

موحد جیسے ہی واک کے بعد گھر پہنچا تو نئی ے ہنگامے کا سامنا کرنا پڑا۔سامنے نیا ہی محاز اسکا مُنتظر تھا۔پورے گھر میں احد کی تقریر کا شور تھا۔اُسکی تقریر کچھ یوں تھی

''تمام معزّز والدین سے گزارش ہے مہربانی فرما کر اپنے بچّوں کے احساسات کا خیال کریں اور انھیں صبح سویرے سکول نہ بھیجیں بلکہ انکو آرام کرنے دیا جائے جس سے انکی صحت پر کافی اچھا اثر پڑے گا اور چند ہی روز میں وہ ٹماٹر کیطرح سُرخ اور گولو مولو ہو جائیں گے۔اور ہاں اگر وہ کوئی شرارت کریں تو انکو مارنا تو دور بلکہ انکو کہا بھی نہ جائے اس سے انکی چہرے کی جلد بلکُل فریش رہے گی اور انکو روزانہ پیزّہ کھلانے بھی لے جایا جائے اور کھُلی پاکٹ منی بھی دی جائے کیونکہ انکے بھی کچھ اخراجات ہوتے ہیں''۔بحکم احد عاصم منسٹر آف حقوق چھوٹی قوم یعنی بچہ پارٹی۔وہ جیسے ہی تقریر سے فارغ ہوا تو اسنے فخریہ انداز میں سامعین واحد یعنی راحمین کو دیکھا جو کہ اُسکی پر جوش پر کھی کھی کر رہی تھی اور اچانک اسکی نظر کچن کے دروازے پر کھڑے موحد پڑی جو کہ کچن کے دروازے کیساتھ کمر ٹکائے کھڑا تھا۔جیسے ہی اسک نگاہ پڑی تو اسکا مائک یعنی کفگیر اسکے ہاتھوں سے پھسلا اور زمین بوس ہو گیا۔راحمین تو یہ منظر دیکھ کے ہی رفوچکّر ہو گئی اور پھر اونٹ یعنی احد آیا پہاڑ کے نیچے۔اپنی غلطی پکڑی جانے کے بعد ہی اسکی تو سوچنے کی قوّت ہی مفلوج ہو کے رہ گئی تھی۔وہ ابھی اس منظر عام سے غائب ہونے کی لیے پر تول ہی رہا تھا کہ موحد اسکے پاس آیا اور اسنے اپنا ہاتھ اُٹھایا اور احد کے سر پر ہلکی سی چپت لگائی لیکن احد تو ایک زوردار تماچہ توقّع کر رہا تھا۔وہ تو اس

بات کو ہضم ہی نہیں کر پار ہا تھا کہ اُسے کسی غلط کام کو نظر انداز بھی کیا جا سکتا ہے۔اور موحد کا تو ہنس ہنس کر بُرا حال ہو رہا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد اسکی ہنسی کو سٹاپ لگا اور وہ کچھ کہنے کے قابل ہوا۔ ''چھوٹے! کہاں سے آتے ہیں ایسے خیالات تمہارے دل میں۔'' اسنے چہرے پر مسکراہٹ سجائے کہا۔ .... احد نے بس کھی کھی کرنے پر اکتفا کیا کیونکہ بھیا کا کمپریسر مطلب کبھی بھی گرم ہو سکتا تھا۔...........چلو شاباش جلدی تیار ہو جاؤ میں آج تمہیں اور ہانی کو خود چھوڑ کے آؤں گا۔ وہ یہ کہتے ہی اپنے کمرے کیطرف روانہ ہو گیا۔ ''مجال ہے جو کبھی میری کسی تقریر کا ان پہ اثر ہوا ہو۔ پھر مجھے قید خانے یعنی سکول بھیج رہے ہیں۔انکو کیوں سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ سکول میرے ٹیسٹ کے مطابق نہیں ہے۔میرے اتنے بڑے خواب ہیں وہ اس ننّھے منّے گندے سے سکول میں پورے نہیں ہو سکتے'' اس نے جل بھُن کر سوچا اور اپنے کمرے میں سکول جانے کے ارادے سے تیار ہونے کے لیے چلا گیا۔اس سے پہلے کے امی اپنے اوزار لیے کمرے میں داخل ہو تیں۔ وہ تینوں اپنے کام پر جانے کی غرض سے بلکل تیار تھے اور ڈائیننگ ٹیبل پر ناشتہ کر رہے تھے۔احد خلاف معمول خاموش بیٹھا تھا۔ابھی ہانی نے یہ سوچا ہی تھا کہ اسکے شُوز پر بھارے مردانہ پاؤں آ رُکے اور اسکو یوں محسوس ہوا جیسے اسکا پاؤں کسی بلڈوزر کے نیچے آ گیا ہو

۔اُس نے زوردار چینخ ماری۔سب نے اسکی طرف دیکھا اور احد نے تو حد ہی کر دی۔""آپی جان! کیا ہوا؟"" لہجے میں دنیا بھر کی معصومیت سموئے اس نے پوچھا۔ہانی سارا ماجرہ سمجھ چکی تھی ابھی وہ بولنے ہی والی تھی کہ صبا نے کہا کہ جلدی ناشتہ ختم کرو تم لوگوں کو دیر ہو رہی ہے۔احد نے فوراً ہی امی کی بات سے اکتفا کیا اور ہانی کیطرف دیکھتے ہوئے پیار سے آنکھیں ٹمٹمائیں۔ہانی کی تو روح تک جھلس گئی تھی

۔۔موحد نے ہانی کو کالج چھوڑا اور احد کو اسکے سکول چھوڑنے کے بعد وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں کسی دوست سے ملنے چلا گیا۔عاصم صاحب کی وفات کے بعد کاروبار کی ذمہّ داری موحد کے کندھوں پر آگئی تھی۔وہ اپنے دوست کیساتھ مل کر ایک لیدر جیکٹ کی کمپنی چلا رہا ہے۔آہل حیات اسکا سکول کا دوست ہے اور وہ دونوں کمپنی میں برابر کے حصہ دار ہیں۔آہل شہر میں رہ کر کاروباری معاملات کو ہینڈل کرتا ہے ۔لیکن موحد زیادہ تر شہر اور ملک سے باہر رہتا ہے ۔موحد زیادہ تر کاروباری معاملات کو نہیں دیکھ پاتا لیکن اس کے باوجود وہ دونوں منافع کو برابر تقسیم کرتے ہیں۔ان دونوں کی جگری یاری اور ان کی دوستی کی مثال دنیا دیتی ہے۔آہل اپنے والدین کی اکلوتی اولاد ہے اور آہل موحد کی غیر موجودگی میں اسکے گھر کے معاملات بھی دیکھتا ہے۔اور انکے گھر میں بھی آہل کی حیثیت ایک فرد کی سی ہے۔ .... موحد

جیسے ہی آفس میں داخل ہوتا ہے تو تمام ورکز اس سے سلام کرتے ہیں اور اسکی خیر و عافیت دریافت کرتے ہیں۔ وہ ایسا ہی تھا سب سے پیار کرنے والا، ہر ایک کا ادب کرنے والا اور سب کیساتھ عزت و احترام سے پیش آنے والا۔ جیسے ہی وہ آہل کے آفس کے باہر پہنچا اس نے دروازے پر دستک دی۔ آہل کے سامنے فائلز کا انبار تھا اور وہ فائلز پر جھکا ہوا تھا۔ جیسے ہی موحد نے دوبارہ دستک دی تو اس نے غصے سے ''یس! کم ان بولا'' کیونکہ کام کے دوران وہ ذرا سی بھی ڈسٹربنس برداشت نہیں کرتا تھا اور آفس میں تمام اسکی عادت سے واقف تھے اور کوئی ی بھی ایسی گستاخی نہیں کرتا تھا۔ وہ غصے سے آگ بگولہ ہو رہا تھا اور اسی دوران موحد اندر داخل ہوا۔ پہلے تو وہ حیران ہوا اور پھر وہ ایسے خوش ہوا جیسے عید کا چاند دیکھ لیا ہو۔ وہ اپنی نشست سے اُٹھا اور اسکے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا۔ پھر وہ اس سے اپنی تمام تر قوت کے ساتھ لپٹ گیا۔ دنیا میں واحد وہ شخص تھا جس کیلیے وہ اپنا کام چھوڑ سکتا تھا اور جان بھی دے سکتا تھا۔ پانچ منٹوں کے بعد وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوئے۔ وہ دونوں ایک دوسرے کے دیوانے تھے۔ پھر وہ احد کو لیکر ایک طرف پڑے صوفے پر بیٹھ گیا۔ اور انٹر کام پر دو کپ کافی کا آرڈر دیا۔ ان سب کاموں سے فراغت کے بعد وہ اسکے سامنے بیٹھ گیا اور بولا ''جگر بول اس دفعہ دیدار بڑے دنوں بعد دیدار کروایا ہے'' اس نے نروٹھے پن

سے کہا۔ ''بس یار مصروفیت ہی سے فراغت نصیب نہیں ہوتی۔۔تُو تو جانتا ہے میری مصروفیت کو'' اتنی دیر میں ملازم کافی دینے آیا اور آہل نے کافی کی ٹرے تھامی اور ایک کپ موحد کیطرف کر دیا اور خالی ٹرے کو سامنے پڑے ٹے بل پر رکھ دیا۔

****

حسنی جب سے گھر آئی ی تھی وہ مسلسل اس حادثے کے حراس کے زیر اثر تھی۔اسکو سمجھ مں نہیں آرہا تھا کہ وہ کسطرح کے رد عمل کا اظہار کرے۔اور کلاس کی لڑکیوں کی کہیں ہوئی ی باتیں اسکے دماغ میں گردش کر رہی تھیں۔ان لڑکیوں کے بقول بابر اس کے لیے کچھ اور قسم کے احساسات رکھتا ہے اسی لیے اس نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر حسنی کی جان بچائی ی۔۔اگر حسنی کے علاوہ کوئی ی اور لڑکی ہوتی تو وہ اس خوش کن احساس کو محسوس کرتی لیکن حسنی جسطرح کے گھرانے سے تعلق رکھتی تھی وہاں ایسی باتوں کو غیرت کا مس ئی لہ بنالیا جاتا تھا۔۔۔۔جہاں اسکی چھوٹی سی بات کو نظر انداز نہیں کیا جاتا تھا وہاں ایسی بات کا بتانا موت کو دعوت دینے کے برابر تھا۔۔وہ جب سے یونیورسٹی سے گھر آئی ی تھی تو مسلسل روئے جارہی تھی جس کیوجہ سے سر میں درد کی لہریں اُٹھ رہی تھیں۔۔۔۔وہ حسب معمول دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد کچن کی صفائی ی سے فارغ ہو کر اپنے کمرے میں بند ہو گ ئی ی تھی اور اپنی قسمت کی

ستم ظریفیوں پر کُڑھ رہی تھی۔۔۔رونا اسکا پسندیدہ مشغلہ تھا اور بقول اسکی اماوہ منحوس تھی اور رونا ہی اسکی قسمت میں لکھ دیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جسکی بھی زندگی میں جائے گی اسکی قسمت کو بھی کالی رات کی طرح کر دے گی۔۔۔آج کے واقع کے متعلق سوچ سوچ کے اسکی سوچنے کی سقت مفلوج ہو چکی تھی۔۔۔۔اب عصر کا وقت آچکا تھا اور اس نے نماز پڑھنے کی غرض سے وضو کیا اور اپنے رب کے ہاں سر بجود ہو گئی۔۔۔۔۔رب نظر تو نہیں آتا ہے لیکن اسکا احساس ہر وقت انسان کے شہہ رگ کے بھی قریب ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب حالات وواقعات انسان کے اختیار میں نہ رہیں نہ تو اپنے معاملات کو رب کے سفر د کر دینا چاہیے کیونکہ وہ بہتر علم رکھنے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی بس اپنے آپکو رب کے سفر د کر رہی تھی ۔۔۔۔۔وہ جیسے ہی نماز ادا کرنے کے بعد دعا سے فارغ ہوئی تو وپُر سکون محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔نماز انسان کے لیے تھراپی ہے۔۔۔۔۔انسان کو ڈپریشن فری کرتی ہے۔۔۔۔۔۔۔بس ہم ہی بہترین خالق کو اور بہترین ماہر نفسیات کو سمجھ ہی نہیں پاتے۔۔۔۔بے شک انسان ناقص عقل ثابت ہوا ہے۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤

جیسے ہی گھڑی نے دو بجنے کا پیام دیا تو گھر کے باہر گاڑی کے رُکنے کی آواز آئی ی اور پھر گاڑی کے زہہہہہہہ ننننن۔۔۔۔۔۔کرکے دور جانے کی آواز آئی ی۔۔۔اسکا

مطلب تھا کہ شیطانوں کا چیلہ (جی جی آپ بلکل صحیح سمجھ رہے ہیں اس عہدے کے مالک احد عاصم کے علاوہ اور کوئی ی ہو ہی نہیں سکتا تھا) پھر دروازہ کھلنے کی آواز آئی ی اور کچھ ہی لمحے بعد دھرم گرنے کی آواز آئی ی اور ساتھ ہی احد بھاگتا ہوا ٹی۔وی لاؤنج کے صوفے پر گرا۔۔۔۔۔۔اسکے پیچھے راحمین لنگراتی ہوئی ی آکر اسکے قریب صوفے پر بیٹھی۔۔۔صبا بیگم ٹی۔وی لاؤنج میں جیسے ہی داخل ہوئی یں تو انکی نظر روتی ہوئی ی راحمین پر پڑی اور وہ فوراًاسکی طرف لپکیں۔۔۔۔راحمین نے انکو اپنی طرف بڑھتے دیکھتے ہوئے زاروقطار رونا شروع کر دیا۔۔۔احد اس ڈرامے کے مقصد کو سمجھ نہیں پا رہا تھا۔۔۔۔صبا بیگم نے پریشانی سے راحمین کے ماتھے کا بوسہ لیا۔۔۔..احد اس والہانہ پیار کا مقصد نہیں سمجھ پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔راحمین نے روتے ہوے کہا"اہیہیہیمیییی جی!!احد نے مجھے اتنی زور سے دھکا دیا میں توازن برقرار نہیں رکھ سکی اور اتنی زور سے زمین پر گری"""""راحمین نے یہ بتاتے ہی دوبارہ رونا شروع کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احد تو منھ کھولے اسکی سازش کو سمجھ پا رہا تھا اور ابھی وہ سارا ماجرہ سمجھا ہی تھا کہ امی کی توپوں کا رُخ احد کی جانب ہو چُکا تھا۔۔۔۔۔۔"احد!!!!یہ کیا کہہ رہی ہے؟؟"""""انھوں نے الفاظ کو چبا چبا کر ادا کیا۔۔۔۔احد تو اس بر فیلے انداز پر اندر تک لرز گیا کیونکہ امی کا یہ روپ کبھی کبھار منظرِ عام پر آشکار ہوتا تھا اور

New Era Magazine

غضبناک ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"امی جی مممممجھے نہیں پتا۔۔۔ مممیں نے راحمین کو نہیں دیکھا""""اس نے اپنے ہونٹوں پر خشک زبان کو پھیرا"""""""اسکے گلے میں خوف سے کانٹے چُب رہے تھے۔۔۔۔۔"""""اممی میں کیا چیونٹی تھی جو تمہیں نظر نہیں آئی ی""""""راحمین نے لقمہ دیتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔امی ابھی تک احد کو گھوریاں نواز رہی تھیں۔۔۔"""""ہاہاہاہاہاہاہاہا!!!خود ہی مان لیا نا کہ چیونٹی نہیں بلکہ ہٹی کٹی بھینس ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔"احد گلہ پھاڑ کر گدھوں کیطرح ہنس رہا تھا۔۔۔۔۔۔راحمین اس بات پر تلملا کر رہ گ ئی۔۔۔۔۔"""""صبا بیگم نے ایک بھاری چپت احد کے سر پر لگائی ی""""اس عمل کے بعد احد کی ہنسی کو فل سٹاپ لگ چکا تھا۔۔۔۔اسکے بعد احد کی ایک گھنٹے پر مشتمل فصیح و بلیغ تقریر سننا پڑی ی۔۔۔۔احد سر گھٹنوں میں دیے تابعداری کے ریکارڈ قائم کیے خاموشی سے سنتا رہا۔۔۔۔راحمین کی تو روح تک تازہ ہو گ ئی تھی۔۔۔۔۔پھر ایک گھنٹے کی ٹھیک ٹھاک سُنوائی ی کے بعد راحمین بولی""""امی جی رہنے دیں!!!کوئی ی بات نہیں۔۔۔میں نے معاف کر دیا بھائی ی کو!!!""""انداز میں بھرپور پیار تھا۔۔۔پھر یوں ہوا کہ راحمین امی کے سہارے کے ساتھ اپنے کمرے میں جا چکی تھی۔۔۔۔۔۔احد بمع ذلت بری ہو چُکا تھا۔۔۔۔راحمین چلتے ہوئے مڑی اور آنکھوں میں فتح کی چمک

New Era Magazine

لیے وکٹری ✌ کا نشان بنایا۔۔۔وہ اپنا صبح کا بدلہ لے چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احد نے مڑ کر دیکھا اور اندر تک جل کر راکھ ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔....

❤❤❤❤

12 جولائی

وہ جیسے ہی نہانے کے بعد فارغ ہو کر اپنے بیڈ پر لیٹا اور نیندی وادیوں میں گُم ہونے ہی والا تھا کہ اچانک اسکے فون پر بیل بجنا شروع ہو گئی۔۔۔اس نے اُٹھنے کی سعی نہیں کی بلکہ لیٹے ہوئے ہی ہاتھ لمبا کر کے سائیڈ ٹیبل سے فون اُٹھایا۔۔اور کال کو اٹینڈ کیا۔۔۔دوسری طرف سے سریلی آواز آئی "جانو!! آپ کو بہت مس کر رہی ہوں میں۔۔۔آپ ہمیں شرف ملاقات کب بخشیں گے؟؟"اسی آنکھیں فوراً V120 کے جھٹکے کے ساتھ کھلیں۔۔۔اس نے دوبارہ فون کو کان سے پرے کر کے دیکھا کہ مبادہ اس نے کہیں رانگ نمبر سے کال تو اٹینڈ نہیں کر لی۔۔۔۔اب وہ اپنے پورے ہوش وہواس میں تھا۔۔""""""آہاہا!!! بس تمکو ہوش میں لانا ہی میرا مقصد تھا۔۔۔جلدی فریش ہو کر ہوٹل پہنچ۔۔۔آج تو مجھے پارٹی دے رہا ہے۔۔۔۔ششششتا باشش!!!! جلدی۔۔۔۔۔۔۔"""""""ابھی وہ بولنے ہی لگا تھا کہ ارسل نے کال ڈسکنکٹ کر دی۔۔۔۔۔""""""سالا خود عیش کر لیتا ہے اور جب میری

باری آتی ہے تو اسکو پیٹ پوجا کرنے کا خیال آجاتا ہے""""""۔۔۔۔۔۔وہ سیدھا وارڈروب کیطرف گیا اور کپڑے نکال کے واشروم کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ پینٹ شرٹ میں ملبوس باہر نکلا۔۔۔اسی لمحے اسکے موبائل پر بیپ بیپ کے آواز آئی ی۔۔۔اس نے ٹیکسٹ جو کہ ارسل کیطرف سے تھا اسکو پڑھا۔۔۔اور پھر بال تراشنے کے بعد گاڑی کی چابی لیکر وہ ہوٹل کے گیراج کیطرف بڑھ گیا.....

❤❤❤❤

وہ ہوٹل کیطرف رواں ہی تھا کہ راستے میں اسکو ارسل کے کال آئی ی اور اس نے یوں افرا تفری میں بلانے کا مقصد بتایا۔۔اور کچھ ضروری ہدایات وہ ہوٹل کیطرف رواں ہی تھا کہ راستے میں اسکو ارسل کے کال آئی ی اور اس نے یوں افرا تفری میں بلانے کا مقصد بتایا۔۔اور کچھ ضروری ہدایات کے بعد فون کاٹ دیا۔۔۔چند منٹوں کی مسافت کے بعد وہ ارسل کے بتائے ہوئے ہوٹل پہنچ چکا تھا اور گاڑی کو پارک کرنے کے بعد وہ ہوٹل کے سٹنگ ایریا کی طرف بڑھا۔۔۔وہاں پہنچتے ہی اسکی نظر کارنر والے ٹیبل پر پڑی جہاں ارسل بیٹھا ہوا تھا۔۔۔وہ ارسل سے کچھ فاصلے پر موجود ٹیبل پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوٹل میں غزل کے اشعار بری ہی دل کو چھو لے نے والے سُروں میں گونج رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤

وہ ہوٹل کیطرف رواں ہی تھا کہ راستے میں اسکوار سل کے کال آئی ی اور اس نے یوں افرا تفری میں بلانے کا مقصد بتایا۔۔اور کچھ ضروری ہدایات وہ ہوٹل کیطرف رواں ہی تھا کہ راستے میں اسکوار سل کے کال آئی ی اور اس نے یوں افرا تفری میں بلانے کا مقصد بتایا۔۔اور کچھ ضروری ہدایات کے بعد فون کاٹ دیا۔۔چند منٹوں کی مسافت کے بعد وہ ار سل کے بتائے ہوے ہوٹل پہنچ چکا تھا اور گاڑی کو پارک کرنے کے بعد وہ ہوٹل کے سٹنگ ایریا کی طرف بڑھا۔۔وہاں پہنچتے ہی اسکی نظر کارنر والے ٹیبل پر پڑی جہاں ارسل بیٹھا ہوا تھا۔۔وہ ارسل سے کچھ فاصلے پر موجود ٹیبل پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوٹل میں غزل کے اشعار بری ہی دل کو چھو لے نے والے سُروں میں گونج رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میری زندگی تو فراق ہے،
وہ ازل سے دل میں مکیں سہی
وہ نگاہِ شوق سے دور ہے،
رگِ جان سے لاکھ قریب سہی
ہمیں جان دینی ہے ایک دن،
وہ کسی طرح وہ کہیں سہی

ہمیں آپ کھینچ ئے دار پر،

جو نہیں کوئی ی تو ہمیں سہی

سر طور ہو، سر حشر ہو،

ہمیں انتظار قبول ہے

وہ کبھی ملے، وہ کہیں ملے،

وہ کبھی ملے، وہ کہیں سہی

نہ ان پہ جو میرا بس نہیں،

کہ یہ عاشقی ہے، ہوس نہیں

میں ان ہی کا تھا، میں ان ہی کا ہوں،

وہ میرے نہیں، تو نہیں سہی

جو ہو فیصلہ وہ سُنائی یے،

اسے حشر پر نہ اُٹھائی یے

جو کریں گے آپ ستم وہاں،

وہ ابھی سہی، وہ یہیں سہی

اسے دیکھنے کی جو لو لگی،

New Era Magazine

تو نصیر دیکھ ہی لیں گے ہم

وہ ہزار آنکھ سے دور ہو،

وہ ہزار پردہ نشیں سہی

❤️❤️❤️❤️❤️❤️

سروں کی محفل اپنے عروج پر تھی۔۔۔۔ہر کوئی پیار کے احساسات کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماحول پُر گرم تھا ۔۔۔۔ہر طرف سکوت چھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔لیکن ہر اک کی اندر کی دنیا میں محبت کے جذبات نے شور برپا کر رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زینیا بھی محفل کے برخاست ہونے کے بعد اپنی نشست سے اٹھی اور اسی وقت اے۔پی اپنی نشست سے اٹھا اور جلدی جلدی اسکیٹر فا پنے قدم بڑھائے۔۔۔۔ابھی اپنی نشست سے کچھ ہی مسافت طے کر پائی ہی تھی کہ اسکا ٹکراؤ چوری جسامت والے کسی شخص سے ہوا ۔۔۔۔وہ غصے سے چلانے ہی لگی تھی اگلے لمحے اسکی نظر سامنے والے انسان پر پڑی جو کہ اس سے انگریزی زبان میں معذرت کے الفاظ ادا کر رہا تھا۔۔۔۔۔زینیا تو بس اسکے حسن کے سحر میں مقید تھی۔۔۔۔وہ بس دیوانہ وار اس حسن کے مجسمے کو دیکھ رہی تھی جو بلا شُبہ کسی سلطنت کا شہزادہ لگ رہا تھا۔۔۔۔۔اس شہزادے نے اسکو یوں

حواس باختہ دیکھ کر اسکے چہرے کے سامنے اپنے ہاتھ کو لہرایا۔۔۔۔۔۔۔۔زینیا اپنے ہوش وہواس میں لوٹ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔زینیا نے کہا""""اٹس اوکے""""وہ شہزادہ مروتاً مسکرایا۔۔اس سے پہلے کے زینیا اسکی مسکراہٹ کے سحر میں جکڑتی ۔۔۔اس نے فوراً اس شہزادے کی طرف ہاتھ بڑھایا۔۔۔""""مائی ی نیم از زینیا۔۔اینڈ یور نیم؟""اس نی ہاتھ بڑھاتے ہی تجسس بھرے لہجے میں کہا۔۔۔۔۔شہزادے نے جواب دیا۔۔۔""مائی نیم از اے۔پی""اور اسکے ہاتھ کو مکمل طور پر نظر انداز کرتے اسنے زمین کیطرف اشارہ کرتے ہوے کہا""سوری فار دس""۔۔۔زینیا نے زمین کیطرف نظریں جھکائی یں جہاں اسکے برانڈڈ موبائی ل کی سکرین کے ذرات تھے ۔۔۔اس سے ٹکراؤ کے سبب موبائی ل زمیں بوس ہوااور گرنے کے سبب وہ ٹکروں میں تبدیل ہو چکا تھا۔۔۔۔مگر زینیا کو اس شہزادے کے آگے اس ناچیز موبائی ل کی پرواہ کب تھی؟؟؟۔۔۔۔۔۔زینیا نے اپنے ہاتھ کو نظر انداز کیے جانے کی شرمندگی کو چھپاتے ہوے کہا""نو نیڈ ایٹ آل۔۔۔۔اٹس اوکے""مگر اے۔پی نے ندامت کا اظہار کرتے ہوے اصرار کیااور اسکا موبائی ل نمبر اور ایڈریس بھی حاصل کر لیا تاکہ اس غلطی کا ہرجانہ بھر سکے۔۔۔۔زینیا نے بھی موقع کو غنیمت جانتے ہوے اس کا بھی نمبر اور ایڈریس کاغذ پر حاصل کر لیا تاکہ آئی ندہ مستقبل میں وہ اس شہزادے سے

دوستانہ مراسم قائی م کر سکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاغز کو بیگ کے میں ڈالتے
ہوے اس نے جانے کی اجاذت چاہی اور شہزادے نے صرف مسکرانے پر اکتفا کیا
۔۔۔اور الوداعی کلمات ادا کیے۔۔۔۔۔ہانیہ اسکے دائیں جانب سے گزری اور اس
شہزادے کی پرفیوم کے خوشبو کو اپنے اندر اُتارا اور ہوٹل کے خارجی دروازے کیطرف
بڑھ گ ئی۔۔۔۔۔۔۔اسکے نکلتے ہی ارسل اسکے قریب آیا اور اس نے جان بوجھ کر
زمین کی جانب جھکا اور نا محسوس انداز میں اس نے موبائی ل سے سم نکالی اور داخلی
دروازے کی جانب بڑھ گیا اور گاڑی کو چند ہی لمحات میں بھگا کر لے گیا
۔۔۔۔اے۔پی بھی دس منٹ کے بعد اپنی گاڑی کیطرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔وہاں
سے چند منٹ ی مسافت کے بعد اس نے گاڑی ایک ہوٹل کے پارکنگ ایریا میں پارک
کے اور ہوٹل کے داخل دروازے سے اندر داخل ہو گیا۔۔۔وہاں پہنچتے ہی اسکے نظر
دائیں طرف دوسرے ٹیبل پر پڑی۔۔۔وہ ٹیبل کیطرف بڑھ گیا۔۔۔""""ٹاسک
ڈن بڈی""اس نے ارسل کے کندھے پر چپت رسید کرتے ہوے کہا۔۔۔۔""ہاں یار
شکر ہے۔۔۔۔کسی گربڑ کے بغیر پورا ہو گیا ورنہ پبلک پلیس پہ آسان نہیں""ارسل
نے نارمل لہجے میں جواب دیا۔۔""""ہاں صحیح بول رہے ہو۔۔۔""۔۔۔۔۔ارسل نے
پانی کا گلاس لبوں سے لگایا۔۔۔۔۔۔کیوں بھ ئی کھانا آرڈر نہیں کرنا کیا؟؟ارسل

نے مسکینوں جیسے شکل بنا کر کہا۔۔۔""""بلکل!!! کرو آرڈر۔۔ بھوک سے بُرا حال ہو رہا ہے۔۔۔"اے۔پی نے اسکی مسکینیت (جو کہ کھانے کے معاملے میں رہتی ہی تھی) پر مسکرایا۔۔۔اے۔پی اپنے موبائل پر مصروف ہو گیا۔۔۔اور ارسل من و عن کے ساتھ کھانا آرڈر کر رہا تھا۔۔ تھوڑی دیر کے بعد کھانا ٹیبل پر لگ چکا تھا اور ارسل اپنی تمام تر توجہ کھانے پر مرکوز کیے۔۔۔۔ کھانے کے ساتھ انصاف کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کھانا کھانے کے بعد جب وہ لوگ فارغ ہوئے تو کافی کا آرڈر دینے کے بعد وہ آراموسکون کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے۔۔۔۔۔"تیری ہاف گرل فرینڈ کیسی ہے؟"ارسل نے آنکھ مارتے ہوئے اے۔پی سے پوچھا ۔۔۔"بلکل ٹھیک۔۔۔ تمہاری دعاؤں کا ثمر ہے پیارے"اے۔پی نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔ارسل کا قہقہہ ہوا میں معلق ہوا۔۔۔وہ ایسے ہی جواب کی توقع کر رہا تھا۔۔۔۔۔اب ویٹر کافی کے دو مگ ان کے سامنے پیش کر چکا تھا۔۔۔اے۔پی نے کافی کا مگ اٹھایا اور اسکا ایک سپ لیا۔۔"اب اپنا کام دھیان سے کرنا۔۔۔ورنہ ایک چھوٹی غلطی ہماری محنت کو پانی میں ملا سکتی ہے۔۔۔"اس نے سنجیدہ انداز میں کہا۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ لمحے انھوں نے اپنے کام کے متعلق بات کی ۔۔۔اور اے۔پی نے ہاتھ کے اشارے سے ویٹر کو بل لانے کیلیے کہا۔۔۔۔۔ارسل

نے فوراًہی کہا''میں بل ادانہیں کروں گا۔۔۔''اس نے معصوم بچے کیطرح آنکھیں ٹمٹماتے ہوے کہا۔۔۔''بھکّر''اے۔پی نے لفظ چبا کرادا کیا۔۔۔۔''تواتنا کماتا اپنے اس حسین بھائی کیلیے ہی توہے''ارسل نے ڈھیٹ پن کی حد کرتے ہوے کہا ۔۔۔اے۔پی اسکی بات پر ہنسااور بل ادا کرنے کے بعد وہ دونوں اپنی گاڑیوں کیطرف روانہ ہو گۓ۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤

اگلے دن حسنیٰ اپنے تمام تر اندیشوں اور پریشانیوں کو بالاۓ طاق رکھتے ہوے یونیورسٹی گئی اوراس نے پوری دلجمعی کے ساتھ پڑھنے کا فیصلہ کیا۔۔۔وہ ابھی یونیورسٹی داخل ہوئی ہی تواسکو سٹوڈنٹس کیطرف سے کل کے حادثے کے متعلق سرگوشیاں سننے کو ملیں۔۔۔۔۔وہ ان سب باتوں کو نظرانداز کیے اپنی کلاس کی جانب بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔جب دائیں طرف سے ایک لڑکے نے کہا''پیاری!کب سے چل رہاہے یہ سب؟کوئی ایسے بلاوجہ توکسی کی جان نہیں بچاتاہے۔۔۔کچھ توہے جو ہماری آنکھوں سے اوجھل ہے''پھر سب لڑکوں کا قہقہہ بلند ہوا۔۔۔حسنیٰ کو یہ الفاظ تیر کیطرح لگے۔۔۔وہ ایسے الفاظ کوبداشت نہیں کرسکی اوراسی سبب دوموتی اسکی آنکھوں سے جداہو کراسکے حجاب میں جذب ہو گۓ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بابر یہ ساری باتوں کو سُن رہاتھااور وہ چاہتا تھا کہ حسنیٰ اپنادفاع خود کرے لیکن وہ ابھی بہت

کمزور تھی۔۔۔اس بات کا اندازہ اسکو حادثے والے دن ہو چکا تھا۔۔کچھ لمحات گزرے تھے کہ بابران لوگوں کے سامنے کھڑا ہو گیا۔۔وہ اسکو دیکھ کر حواس باختہ ہو گ ئے۔۔۔۔'' صحیح کہا تم نے پیارے۔۔۔۔تم لوگ تو وہی دیکھو گے جو تمہیں نظر آئے گا۔۔ عقل تو تم لوگ ویسے ہی تم لوگ زحمت نہیں کرتے ہو۔۔۔اسی لیے تم لوگ وہی دیکھ رہے ہو جو غلاظتیں تم لوگوں کے ذہن میں ہو''''اس نے مدمقابل ایک لڑکے کے کندھے سے فرضی دھول ہٹائی ی۔۔۔۔اسکی بات سُن کے سبھی شرمندہ ہو گ ئے۔۔اور منظر عام سے تتّر بتّر ہو گ ئے۔۔۔۔ حُسنی تو پہلے ہی زمین پر نظریں گاڑے کھڑی تھی۔۔۔۔۔بابراسکی طرف مڑااور نظریں جھکائے بولا۔۔۔''آپکو اپنے حصّے کی جنگ خود ہو لڑنی ہے۔۔کوئی ی بھی آپکو بچانے نہیں آئے گا۔۔۔زندگی ہیں وہ لوگ آگے بڑھتے ہیں جو اپنے حصے کی لڑائی ی خود لڑتے ہیں''اسنے مدلل انداز میں کہا اور آگے بڑھ گیا۔۔۔۔حُسنی اس مہربان سراپے کو جاتے ہوئے دیکھ رہی تھی۔۔۔اسکو کبھی ایسے نصیحت کسی نے نہیں دی تھی۔۔۔وہ طنز و مزاح کو سُننے کی عادی تھی۔۔۔اسنے اپنے ذہن سے ان یادوں کو جھٹکا اور کلاس کیطرف بڑھ گ ئی۔۔۔۔۔۔۔بے شک دلوں کا معاملہ اللہ کد معاملہ

ہے۔۔۔۔۔اس پہ انساں کا اختیار نہیں ہے۔۔۔۔۔لیکن اس کو گمراہی سے بچانے کے قوّت انسان میں پنہاں ہے.....

❤❤❤❤

وہ اگلے روز موبائل شاپ پر گیا اور آئی فون کا لیٹسٹ ماڈل خریدا۔۔۔۔۔اب اسنے اپنا اگلا لائحہ عمل تیار کر لیا تھا۔۔۔وہ سیدھا ہوٹل گیا۔۔۔اور جانے کے بعد اس نے زینیا کے دیے ہوئے نمبر پر ٹیکسٹ کیا جس میں موبائل فون بھیجنے کی خبر تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے ایڈریس پر موبائل فون بھیج دیا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤

زینیا سوئی ہوئی تھی جب اسکے اپارٹمنٹ کی بیل متواتر بج رہی تھی۔۔۔۔۔اس نے تکیہ چہرے سے ہٹایا اور وال کلاک سے ٹائم دیکھا۔۔۔گھڑی صبح بارہ بجے کا پیام دے رہی تھی۔۔۔وہ نیندی حالت میں اُٹھی اور اس نے جیسے ہی دروازہ کھولا تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سامنے کوریئر والا ہاتھ میں ایک پیکٹ لیے کھڑا تھا۔۔۔اس نے اس لڑکے کی بتائی ہوئی جگہ پر دستخط کیے۔۔۔۔۔اور پیکٹ لیے اندر اپنے بیڈ پر آگئی اور دلچسپی سے اس پیکٹ کو کھولا اور اسکے اندر سے ایک بند ڈبّہ تھا۔۔۔جب اس نے ڈبے میں سے موبائل نکالا تو وہ حیران رہ گئی۔۔۔بلا شبہ خریدنے والے کی پسند بے مثال تھی۔۔۔۔۔اس نے ڈبے کے نیچے تہہ شدہ ایک

کاغذ ملااوراس کاغذ کے ایک کونے پراے۔پی لکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اچانک اسکے ذہن میں وہ رات والا شہزادے کا حسین خیال آیا۔۔۔۔۔۔وہ پھراس حسن کے مجسمے کو سوچنا شروع ہوئی ی۔۔۔اچانک اسکو موبائی ل کا خیال آیااور جب اسے موبائی ل کہ آن کیاتواک ن ئے نمبر سے میسج تھا۔۔۔جب اسنے وہ میسج کھولا تو وہ اے۔پی کیطرف سے تھا۔۔۔اس نے شکریے کے لیے میسج کیااور نیچے لکھا"آپکی چاہنے والی کیطرف سے۔۔۔۔۔۔

****

اے۔پی ابھی فون زینیا کو بھیجنے کے بعداپنے کمرے میں پہنچاہی تھا کے اسکے موبائی ل پرٹون بجی۔۔۔۔وہ جانتا تھا کہ یہ ٹیکسٹ کس کی طرف سے ہو گا۔۔۔۔اسنے جیسے ہی انباکس کھولا تو سامنے ایک ان ناؤ ن نمبر جگمار ہاتھا۔۔۔۔اس نے میسج کھولا تو وہ میسج زینیا کیطرف سے تھا۔۔۔۔پورا ٹیکسٹ پڑھنے کے بعد وہ مسکرائے بغیر نہ رہ سکا۔۔۔۔وہ ایک ہی ملاقات میں اسکی حسن پرست او جلد باز طبیعت سے واقف ہو چکا تھا۔۔۔اسنے کوئی جواب نہیں دیا کیونکہ وہ ابھی صرف اسکی توجہ کا مرکز بننا چاہتا تھا۔۔۔۔پھر وہ فریش ہونے کے بعد لیپ ٹاپ بیڈ پہ رکھے اپنے کام میں مشغول ہو گیا۔۔اسکا موبائی ل دوبارہ متواتر بجنا شروع ہو گیا۔۔۔۔وہ ایسا ہی تھا کام میں یوں مگن ہوتا کہ

ارد گرد کے ماحول سے مکمل بیگانہ ہو جاتا۔۔۔پانچ منٹ مسلسل بیل بجنے کے بعد اس نے لیپ ٹاپ پر ہی نظریں مرکوز کیے ہوئے دائیں سائیڈ دراز سے موبائل اٹھایا۔۔پھر کال کو اٹینڈ کرنے کے بعد اسکو کان سے ساتھ لگایا۔۔"وعلیکم السلام! ہاں بولو؟"اس نے مصروف انداز سے کہا۔۔۔۔دوسری طرف ارسل نے دیر سے کال اُٹھانے پر لعن طعن کی اور ابھی اسکی بات جاری ہی تھی کہ اے۔پی نے مداخلت کی "یہ تو پُرانی بات ہوئی! میرے پاس وقت نہیں ہے اتنا تیرا لیکچر سُننے کے لیے۔۔فٹافٹ کام کی بات کر"اس نے بیزاری سے کہا۔۔ارسل نے مزید لعن طعن کا پروگرام کینسل کیا اور پیشہ ورانہ انداز میں بولا"ہاں وہ میں نے اس سم کا سارا ریکارڈ نکال لیا ہے۔۔یقیناً اس سم کو استعمال کرنے والے کے پسِ منظر بہت بڑا گینگ ہے۔۔کیونکہ اس پر ہمیشہ ایک ہی وقت دن میں کال آتی تھی اور وہ بھی روزانہ مختلف نمبرز سے۔۔۔اور اگلے ہی دن وہ سم ڈی ایکٹو کر دی جاتی تھی اور اس وجہ سے میں لوکیشن ٹریس نہیں کر سکا۔۔۔"اے۔پی نے اسکی بات توجہ سے سُنی اور بولا"مجھے بھی یہی لگ رہا ہے۔۔کوئی بات نہیں ہم ضرور اس گینگ تک پہنچ جائیں گے"اس نے مصمم انداز میں کہا۔۔اور فون بند کر کے پاس ہی بیڈ پر رکھ دیا۔اور دوبارہ لیپ ٹاپ کیطرف متوجہ ہو گیا۔۔وہ ارسل کی بھیجی ہوئی فائل پر

جُھکا ہوا تھا۔۔۔اور اس سے ریکارڈ اپنے موبائی ل میں ٹرانسفر کر رہا تھا۔۔۔تاکہ ضرورت پڑنے پہ وہ اُن سے مستفید ہو سکے۔۔۔

❤❤❤❤

احد اپنے کمرے میں پہنچ کر پریشانی سے ادھر اُدھر گھوم رہا تھا۔۔۔وہ جلد از جلد راحمین سے بدلا لینا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔اچانک اسکو باہر ٹی۔وی لاؤنج میں سے امی کی آواز آئی ی"راحمین بیٹا! میں نے اپنی دوست کے گھر جانا ہے۔۔بیٹا میرے کپڑے پریس کر دو۔۔۔"انھوں نے نرم لہجے میں کہا۔۔۔"جی امی! ابھی کر دیتی ہوں"راحمین اپنے کمرے سے مؤدب انداز میں بولی۔۔۔احد کے دماغ میں ایک آئیڈیا آیا۔۔اسکی آنکھوں ہیں ں شیطانی چمک تھی۔۔۔وہ فوراًاپنے کمرے سے نکلااور باہر ٹی۔وی لاؤنج میں گیااور صوفے پر بیٹھ گیا۔۔وہ ٹی۔وی پہ میچ دیکھنے بیٹھ گیا۔۔۔راحمین اپنے کمرے سے باہر آئی اور صبا بیگم کے کمرے سے سوٹ لینے چلی گ ئی۔۔۔احد اپنے نشست سے اُٹھااور استری سٹینڈ کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔اس نے استری کے سوئچ کو پلگ ک ساتھ لگایااور استری تیز کر دی اور بھاگ کر اپنے کمرے میں چلا گیا اور کتابوں کا پلندہ سامنے کھول کر بیٹھ گیا۔۔راحمین واپس آئی ی اور اس نے دھیان دیے بغیر استری کو قمیض پہ رکھ دیااور ابھی رکھنے کی دیر تھی کہ کچھ جلنے کی خوشبو آئی ی۔۔۔راحمین کو جب خوشبو قریب سے آنے کا احساس ہوا تو اُس نے فوراًاستری کو

قمیض سے اُٹھایا لیکن قمیض جل چکی تھی۔۔۔وہ حواس باختہ ہو کر قمیض کے جلے ہوے حصّے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔ابھی اس نے اس سچویشن سے نپٹنے کا کوئی ی حل سوچا ہی نہیں تھا کہ صبا بیگم اپنے کمرے سے ڈرائی نگ روم میں داخل ہوئی یں۔۔۔بس پھر اسکے بعد کا منظر کچھ یوں تھا کہ صبا بیگم نے اسکی خُوب سے خُوب تر کلاس لی۔۔۔راحمین اپنی بے گناہی ثابت ہی نہیں کر سکی اور عدالت صبا سے بمع لعن طعن بری ہوئی ی۔۔۔۔احد کے دل پر تو کسی نے ٹھنڈی پھوار ڈال دی تھی۔۔۔وہ اپنے کمرے میں خوشی سے جھوم رہا تھا۔۔۔راحمین کو اور ستانے کے چکر میں وہ اپنے رومسے باہر آیا اور محفوظ جگہ یعنی اپنی امی جان کی داہنی طرف بیٹھ گیا۔۔۔صبا اپنی دوست سے نہ پوچھ پنے کی معذرت کر رہی تھیں۔۔۔احد پیار سے بولا"آپی جان ! پانی کا گلاس تو پلادیں۔۔۔پڑھ پڑھ کے میرا تو حلق ہی خشک ہو گیا ہے"راحمین نے اسے تیکھے تیوروں سے دیکھا اور بولی "نوکر لگی ہوں تمہاری کیا۔۔اپیٹا نگوں کو بروئے کار لاتے ہوے فریج کے پاس جائی یں اور پانی پ ئی یں"اس نے آہستہ مگر سخت انداز میں کہا۔۔۔"ا مممممی !!!۔وہ"احد صبا کو پکارنے ہی والا تھا کہ راحمین بولی "جی ابھی لا کے دیتی ہوں"احد فاتحانہ مسکرایا۔۔۔۔صبا بیگم فون کال سے فارغ ہو چکی تھیں اور اب راحمین کو غصے بھری گاہوں سے دیکھ رہی تھیں۔۔۔اس

New Era Magazine

لیے اس نے وہاں سے جانے میں ہی اپنی عافیت جانی۔۔۔اس نی پانی لا کر احد کو پکڑایا اور جان بوجھ کر تھوڑا سا اسکی شرٹ پر پھینک دیا۔۔اور معصومیت سے آنکھیں ٹمٹماتے ہوے بولی "سوسوری بھییییییّا جی!" احد اسکا انتقام سمجھ گیا تھا۔۔وہ کسی سے کم تھا کیا؟۔۔اس نے زور سے اسکے پاؤں پر پاؤں رکھا اور مہربان انداز میں بولا "اٹس اوکے آپی جان!" وہ یہ کہتے ہی اپنے کمرے کیطرف چلا گیا تاکہ وہ دوبارہ راحمین کو کسی سازش کا شکار نہ بن سکے۔۔۔درد کی شدت سے راحمین کی آنکھوں میں پانی آ گیا۔۔۔وہ بھی اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔صبا بیگم تو مدحد سے کال پر بات کر رہی تھیں۔۔۔۔اور اس سے شکوہ کر رہی تھیں کہ وہ ایک رات گھر سے باہر رہا ہے۔۔۔وہ اپنے کاروباری معاملات کے سلسلے میں شہر سے باہر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور جلد ہو آنے کا وعدہ کر رہا تھا۔۔۔پھر الوداعی کلمات ادا کر کے وہ بھی اپنے کمرے میں تشریف لے گئیں۔۔۔

❤❤❤❤

حسنی ایک تھکا دینے والے دن کے بعد یونیورسٹی سے گئی آئی تو گھر میں رونق برپا تھی۔اور خلاف معمول زیادہ چہل پہل تھی۔۔۔وہ اس رونق کا مقصد سمجھ نہیں پا رہی تھی اور اسکو کچھ انہونی ہونے کا احساس شدّت سے ہو رہا تھا۔۔۔وہ اپنے کمرے میں گئی اور اپنا بیگ سٹڈی ٹیبل پر رکھا۔اور اپنا عبایا اتار کر واش روم میں فریش

ہونے کے لیے چلی گ ئی۔۔۔جب وہ واپس آئی ی تو اسکی سوتیلی ماں اسکے انتظار م٦ں بیڈ پر بیٹھی تھی۔۔۔وہ انھیں دیکھ کر فوراًان کیطرف آئی ی اور انھوں نے اسے ہاتھ سے پاس بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔۔وہ کبھی بھی اسکے کمرے میں بلاوجہ نہیں آئی ی تھیں۔۔۔اسکا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا اور اسی دوران اسکی امی بولیں "میں نے اور تمہارے ابو نے تمہارا رشتہ طے کر دیا ہے۔۔امیر گھرانے کا لڑکا ہے۔۔۔وہ ڈرائی نگ روم میں بیٹھا ہے اور تم سے ملنا چاہتا ہے""وہ سکتے کے عالم میں اپنی زندگی کا بے رحمی کے ساتھ کیا ہوا فیصلہ سُن رہی تھی۔۔۔آنسوں کی لڑیاں اسکی آنکھوں سے بہہ رہی تھیں مگر یہاں کسی کو اسکی پرواہ نہیں تھی۔۔۔ان سوتیلے رشتوں سے اسے توقع بھی نہیں تھی۔۔۔مگر اصل غم اسکو اپنے بابا کی بے رُخی کا تھا۔۔۔وہ تو اسکے اپنے تھے لیکن وہ بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نفرت سے گویا ہوئی یں "یہ آنسوں کی ندیاں بہانی چھوڑو! اور جلدی سے مُنھ ہاتھ دھو کر آؤ ڈرائی نگ میں۔۔وہ تمہارا انتظار کر رہا ہے" وہ یہ کہتے ہی کمرے سے چلی گ ئی یں۔۔۔۔وہ پندرہ منٹ آنسو بہانے کے بعد نہ چاہتے ہوئے بھی ڈرائی گ روم میں گ ئی۔۔۔وہ جیسے ہی داخل ہوئی ی اس نے کپکپاتی آواز میں سلام لیا۔۔۔آؤ بیٹا آؤ "اسکی امی نی اپنے پاس بیٹھایا اور سامنے احمد سے مخاطب ہوئی یں "یہ ہے ہماری بیٹی حُسنی"۔۔۔حُسی احمد

New Era Magazine

کی نگاہوں سے محفوظ ہو رہی تھی۔۔وہ یک ٹک اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔" ہممممممم۔۔۔حسن کی پری ہے" وہ ڈوبے انداز میں بولا۔۔۔حسنی ان آنسوؤں کو اپنے اندر اتارا۔۔۔"میری طرف سے ڈیل ڈن سمجھیں" وہ پیشہ ورانہ انداز میں بولا۔۔۔حُسنی سے مذید برداشت کرنا مشکل ہو رہا تھا وہ وہاں سے بھاگ کر اپنے کمرے میں آگئی۔۔۔اسکے اسطرح آنے کی وجہ اسکی سوتیلی ماں نے یوں پیش کی "شرما گئی میری بچّی" اسنے اپنے پیچھے ان الفاظ کو سُنا۔۔۔اس نے نفرت سے اپنے کمرے کے دروازے کو بند کیا۔۔۔۔وہ اپنے بیڈ پر لیٹ کر بہت روئی۔۔۔آج اسکو اپنی ماں زوروں سے یاد آرہی تھی۔۔۔ صحیح کہتی ہیں لوگ جنکے احساس کرنے والے اپنے نہیں ہوتے وہ دوسروں کی سازشوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔اگر آج اسکا بھی کوئی اپنا ہوتا تو اسکے لیے جدوجہد کرتا اور یہں اسکی زندگی کو پیسوں کے عوض بیچا نہ جاتا۔۔۔جب مسلسل رونے کے بعد وہ تھک چک تھی تو وہ اٹھی اور وضو کرنے کے ارادے سے واشروم چلی گئی۔۔۔وہ جائے نماز پر اپنے رب کے سامنے سر بجود ہوئی اور دعا مانگی۔اور اس تھراپی کے بعد وہ ہلکد پھلکا محسوس کر رہی تھی۔۔اگر اسکی ماں اسکے پاس نہیں تھی تو کیا ہوا؟ ستّر ماؤں سے زیادہ پیار کرنے والا تو اسکے پاس ہی تھا۔۔وہی تو ہوتا ہے پاس جب کوئی اور نہیں ہوتا۔۔۔جب دنیا

دھدکار دیتی ہے نہ تو وہ پھر بھی قبول کر لیتا ہے۔۔وہ اپنی زندگی کا فیصلہ اپنے مالک کے سفر د کر کے نیند کی وادیوں میں ڈوب چکی تھی۔۔۔

✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨ ✨

اے۔پی ایک میٹنگ کے سلسلے میں ایک ریستوران سے نکل رہا تھا جب سامنے سے اسکو زینیا اسکیطرف آتی دکھائی ی دی۔۔۔نے سلام کیا اور ہاتھ آگے بڑھایا۔۔لیکن اے۔پی نے ہاتھ نہیں بڑھایا۔۔۔اور سلام کا جواب نارمل انداز میں دیا۔۔زینیا نے اسکے یہاں آنے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ وہ کاروبار کے سلسلے میں یہاں آیا تھا۔۔زینیا نے اسکے کاروبار کے متعلق چند سوالت کیے جسکے جوابات اے۔پی نے نارمل انداز میں دیا۔۔۔۔زینیا اس بات سے واقف ہو چکی تھی کہ وہ محتاط رہنے والا انسان ہے۔۔۔اے۔پی نے اسکے وہاں آنے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ وہ اپنے ایک دوست سے ملنے آئی ی تھی۔۔اے۔پی اس سے ملاقات کے بعد اسکے آزاد خیال ہونے سے اچھی طرح واقف ہو چکا تھا۔۔اور اسکی آزاد سوچ کی وجہ سے اسکے سرکل میں لڑکوں کیساتھ دوستانہ مراسم رکھنا اس کے لیے کوئی ی حیرت انگیز انکشاف نہیں تھا۔۔۔۔۔۔زینیا نے اسکو کافی کی آفر کی لیکن وہ اس آفر پر راضی نہیں ہوا اور کام کا بہانہ کیے وہاں سے چل دیا۔۔۔۔۔۔

New Era Magazine

وہ حسب معمول صبح فجر کی نماز کے وقت اُٹھی اور اس نے فجر کی نماز پورے خشوع و خضوع کیساتھ ادا کی۔۔۔۔۔۔۔وہ اب رات کی نسبت بہت پر سکون محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔جب حالات وواقعات ہمارے اختیار میں نہ رہیں اور اندر گھٹن محسوس ہو رہی ہو تو اپنے رب کے سامنے آنسو بہا لینے چاہیے۔۔۔۔کیونکہ آنکھوں سے نکلنے والا نمکین پانی ہمارا اندر موجود منفی سوچ کو بہا کر جسم سے خارج کر دیتا ہے۔۔۔جس سے ہمارے اند مثبت سوچ پڑوان چڑھتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسی وجہ سے وہ اب نارمل تھی۔۔۔لباس کی تبدیلی کے بعد وہ کچن میں گئی اپنے لیے ناشتہ بنایا اور تناول فرمایا۔۔ناشتہ کرنے کے بعد وہ اپنے کمرے میں عبایا پہننے گئی اور پھر بیگ کو کندھوں پہ لٹکا کر وہ یونیورسٹی کے لیے روانہ ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔حسب معمول تمام کلاسز ہوئی یں اور طلبا و طالبات کا چھٹی کا وقت تھا جب اچانک موسم گرد آلود ہو گیا۔۔۔تمام سٹوڈنٹس موسم کو انجوائے کرنے کے لیے گراؤنڈ میں آگئے۔۔۔۔۔حُسنی بھی اپنی دوست کے ساتھ باہر آگئی۔۔۔۔۔وہ بس سٹوڈنٹس کو انجوائے کرتا ہوا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اچانک ایک لڑکا اسکے قریب سے گزرا اور لڑکے کا ہاتھ اسکے عبایا سے ٹکرایا۔۔۔وہ فوراً پیچھے مڑی اور اس لڑکے کو غصے سے گھورنے لگی۔۔۔۔بابر پاس سے گزر رہا تھا اور اسکی نظر غصے سے گھورتی اس

لڑکے پر پڑی۔۔۔اسکو یہ خوشی ہوئی دیکھ کر کہ وہ اب اپنا دفاع کر سکتی ہے۔۔۔۔اتنی ہی دیر میں ایک سٹوڈنٹ اپنے دوستوں کی فرمائش پر میدان میں غزل سنانے کے ارادے سے آگیا۔۔۔وہ بلکل میدان کے درمیان میں آگیا اور شاعرانہ اور جذبات میں ڈوبے انداز میں اس نے غزل سُنانی شروع کی۔۔

گوشئہ دل میں تم ہو
اوسانِ فکر میں تم ہو
محورِ گفتگو تم ہو
مرکزِ یاد تم ہو
میری زیست تم ہو
میری دانست تم ہو
میرا تصورِ شب تم ہو
میرا اُجالا حقیقت تم ہو
ہر حصار میں تم ہو مگر نبیل
حصارِ دسترس میں تم نہیں ہو

❤❤❤❤❤❤

New Era Magazine

اس نے جیسے ہی اپنی غزل کا اختتام کیا تو سب سٹوڈنٹس نے اسکی حوصلہ افزائی ی کی ۔۔۔سب نے تالیاں بجائی یں اور کچھ زندہ دلوں نے ہوٹنگ بجا کر اپنی شوخ طبیعت کا مظاہرہ کیا۔۔۔۔ حُسنی ایک الگ قسم کی کیفیت کے زیرِاثر تھی ۔۔وہ ان سب کیطرح خوش نہیں تھی اور نہ ہی بظاہر اسکے پاس ایسی کوئی ی وجہ تھی کہ وہ یوں مسرت کا اظہار کرے۔۔۔۔۔۔وہ اداس اور بھاری دل کیساتھ یونی کے گیٹ کیطرف روانہ ہو گ ئی۔۔۔ موسم کے تیور بہت خطرناک تھے۔۔۔وہ پریشانی کے عالم میں رکشے کا انتظار کر رہی تھی لیکن رکشہ ندارد تھا۔۔۔۔وہ پریشانی کے عالم میں بار بار اپنی کلائی ی پر باندھی گھڑی کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔اچانک اسکے اس ایک کار کھڑی ہوئی ی۔۔۔وہ کار کو اپنے پاس رُکتے دیکھ کر حواس باختہ ہو گ ئی۔۔۔۔ابھی وہ ی سمجھ نہ پائی ی تھی کہ اسکیطرف کا کار کا شیشہ نیچے ہوا۔۔۔"حُسنی کہاں جا رہی ہو؟"اس نے کمینے انداز میں پوچھا۔۔۔حُسنی اپنی یونی کے باہر احمد کو دیکھ کر حیران ہو گ ئی۔۔۔اسکو یہ شخص رتی برابر بھی پسند نہیں تھا۔۔۔اسکی نظروں میں کمینگی ٹپکتی تھی۔۔۔"مممیں۔۔۔۔۔۔خود چلی جاؤ ں گی۔۔۔آپکو زحمت کی ضرورت نہیں ہے۔۔"اس نے ڈرتے ہوے کہا۔۔۔۔"ارے۔۔۔اب تو زحمت ہمیں ہی کرنی پڑنی پوری زندگی۔۔۔"اس نے جذبات میں ڈوبے انداز میں کہا۔۔۔۔بارش تیز ہو

